## آداب زیارت نیابت

اس عنوان کے تحت کسی کی نیابت میں زیارت کرنے کے آداب بیان ہوئے ہیں واضح ہو کہ حضرت رسولؐ اور آئمہؑ کی زیارت کا ثواب خود ان کیلئے بھی ہدیہ کیا جا سکتا ہے اور دیگر مرحوم مومنین کی روحوں کو بھی ہدیہ ہو سکتا ہے اور مومنوں کی نیابت میں بھی ائمہؑ کی زیارت کی جا سکتی ہے جیسا کہ معتبر سند کے ساتھ نقل ہوا ہے کہ داؤد صرمی نے امام علی نقی علیہ السلام کی خدمت میں گزارش کی کہ میں نے آپ کے والد گرامی کی زیارت کی اور اس کا ثواب آپ کیلئے ہدیہ کر دیا ہے اس پر آپ نے فرمایا کہ تم کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے اجر عظیم دیا جائے گا اور ہماری طرف سے شکریہ بھی ہے ایک اور حدیث میں مذکور ہے کہ امام علی نقی علیہ السلام نے ایک شخص کو امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کیلئے کربلا معلیٰ بھیجا تا کہ وہ وہاں ان کیلئے زیارت اور دعا کرے نیز امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ جب کوئی زائر حضرت رسول اللہؐ کے روضہ مبارک کی زیارت کرنے جائے تو زیارت سے فارغ ہونے کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور پھر آنحضرتؐ کے سرہانے کی طرف کھڑا ہو کر یہ کہے:

**اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللهِ مِنْ أَبِی وَ أُمِّی وَزَوْجَتِی وَ وَلَدِی وَحامَّتِی وَ مِنْ جَمِیعِ أَهْلِ بَلَدِی**

آپ پر سلام ہو اے نبیؐ خدا میرے ماں باپ، میری زوجہ، میری اولاد، میرے دوستوں اور میرے شہر کے لوگوں کی طرف سے ان

**حُرِّهِمْ وَ عَبْدِهِمْ وَأَبْیَضِهِمْ وَ أَسْوَدِهِمْ**

میں سے آزاد اور غلام اور ہر گورے اور کالے کا سلام ہو

پھر جب وہ اپنے شہر واپس آئے تو شہر والوں سے کہے کہ میں تمہاری طرف سے آنحضرتؐ کی زیارت کر آیا ہوں تب وہ اپنے اس قول میں سچا ہوگا بعض روایتوں میں ہے کہ ائمہؑ میں سے کسی بزرگوار سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ جو دو رکعت نماز بجالاتا ہے یا ایک دن کا روزہ رکھتا ہے یا حج وعمرہ ادا کرتا ہے یا حضرت رسولؐ کی زیارت کرے یا ائمہؑ میں سے کسی ایک کی زیارت بجالائے اور اپنے اس عمل کا ثواب اپنے ماں باپ یا کسی مومن بھائی کیلئے ہدیہ کرے تو کیا خود اس کیلئے بھی ثواب ہوگا یا نہیں؟ اس پر امامؑ نے فرمایا کہ اس عمل کا ثواب جسے ہدیہ کیا گیا ہے اسے تو پہنچے گا لیکن اس عمل کرنے والے کیلئے بھی اس کا پورا پورا ثواب لکھا جائے گا۔ تہذیب میں شیخ طوسیؒ کا ارشاد ہے کہ جب

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

کوئی شخص اجرت لے کر کسی مومن کی طرف سے زیارت کرنے جائے تو جب غسل زیارت کر چکے اور بعض روایات کے مطابق جب وہ زیارت سے فارغ ہوتو یوں کہے:

اَللّٰهُمَّ مَا أَصابَنِی مِنْ تَعَبٍ أَوْ نَصَبٍ أَوْ شَعَثٍ أَوْ لُغُوبٍ فَأْجُرْ فُلانَ ابْنَ فُلانٍ فِيهِ وَأْجُرْنِی

اے معبود! اس سفر میں جو تکلیف یا سختی مجھے پہنچی جو گرد و غبار پڑا یا تھکن ہوئی ہے اس کا اجر فلاں بن فلاں کو دیا اور مجھے بھی اس کی طرف سے

فِی قَضائِی عَنْهُ. جب زیارت کر چکے تو آخر میں یہ کہے: اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَا مَوْلایَ عَنْ فُلانِ ابْنِ فُلانٍ

یہ عمل بجالانے کا ثواب عطا فرما آپ پر سلام ہوا ے میرے ‖ قا فلاں بن فلاں کی طرف سے میں نے اس کی طرف سے

أَتَيْتُکَ زائِراً عَنْهُ فَاشْفَعْ لَهُ عِنْدَ رَبِّکَ

‖ پ کی زیارت کی پس اپنے رب کے ہاں اس کی شفاعت کریں

اب اس شخص کیلئے جو دعا چاہے مانگے کہ جس کی نیابت میں زیارت کی ہے، نیز یہ بھی فرمایا ہے کہ جب کوئی شخص کسی کی نیابت میں زیارت کر رہا ہوتو یوں کہے:

اَللّٰهُمَّ إِنَّ فُلانَ ابْنَ فُلانٍ أَوْفَدَنِی إِلی مَوالِيهِ وَمَوالِيَّ لأَزُورَ عَنْهُ رَجاءً لِجَزِيلِ الثَّوابِ وَفِراراً

اے معبود بے شک فلاں بن فلاں نے مجھے بھیجا ہے اپنے ‖ قاؤں کی طرف کہ اس کی طرف سے زیارت کروں بہت بڑے ثواب کی

مِنْ سُوءِ الْحِسابِ اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ يَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِأَوْلِيائِهِ الدَّالِّينَ عَلَيْکَ فِی غُفْرانِکَ ذُنُوبَهُ وَ

امید میں اور سخت ترین حساب سے بچنے کے لئے اے معبود وہ متوجہ ہوا ہے تیری طرف اپنے سرداروں کے واسطے جو تیری جانب رہنمائی کرتے ہیں تا کہ تو

حَطِّ سَيِّئاتِهِ وَ يَتَوَسَّلُ إِلَيْکَ بِهِمْ عِنْدَ مَشْهَدِ إِمامِهِ صَلَواتُ اللهُ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ فَتَقَبَّلْ مِنْهُ وَاقْبَلْ

اس کے گناہ بخش دے اور اس کی برائیاں مٹا دے اس نے ان کو تیرے ہاں وسیلہ بنایا ہے اپنے اس امامؑ کے روضہ کے قرب میں انسب پر خدا کی

شَفاعَةَ أَوْلِيائِهِ صَلَواتُ اللهُ عَلَيْهِمْ فِيهِ. اَللّٰهُمَّ جازِهِ عَلَی حُسْنِ نِيَّتِهِ وَصَحِيحِ عَقِيدَتِهِ وَصِحَّةِ

رحمتیں ہوں اے معبود اس کی طرف سے زیارت قبول فرما اور اسکے حق میں اس کے سرداروں کی شفاعت منظور کر لے ان پر خدا کی رحمتیں ہوں اے معبود

مُوالاتِهِ أَحْسَنَ مَا جازَيْتَ أَحَداً مِنْ عَبِيدِکَ الْمُؤْمِنِينَ وَ أَدِمْ لَهُ مَا خَوَّلْتَهُ وَاسْتَعْمِلْهُ صالِحاً

اسکو جزا دے اسکے حسن نیت پر اور صحیح عقیدہ رکھنے اور درست محبت پر بہترین جزا جو تو نیا پنے صاحب ایمان بندوں میں سے کسی کو دی ہو جو کچھ تو نے اسے دیا وہ ہمیشہ

فِيما آتَيْتَهُ وَلا تَجْعَلْنِی آخِرَ وافِدٍ لَهُ يُوفِدُهُ. اَللّٰهُمَّ أَعْتِقْ رَقَبَتَهُ مِنَ النَّارِ وَ أَوْسِعْ عَلَيْهِ مِنْ رِزْقِکَ

رہے اور جو توفیق اسے ملی ہے اس سے نیک اعمال بجالائے اور مجھے وہ ‖ خری فرد نہ بنا جو اس کی طرف سے زیارت کو ‖ یا اے معبود اسے دوزخ سے ‖ زادی

الْحَلالِ الطَّيِّبِ وَاجْعَلْهُ مِنْ رُفَقاءِ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَبارِکْ لَهُ فِی وُلْدِهِ وَمالِهِ وَ أَهْلِهِ وَما

عطا فرما اس کیلئے اپنا حلال و پاک رزق اور کشادہ کر دے اسے محمدؐ و ‖ ل محمدؐ کے محبوں میں قرار دے نیز اسکی اولاد اس کے مال اسکے خاندان اور ان افراد میں برکت

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مَلَکَتْ یَمِینُهُ.اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَحُلْ بَیْنَهُ وَ بَیْنَ مَعاصِیکَ حَتَّی لا یَعْصِیَکَ وَ

دے جواسکے زیردست ہیں اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پررحمت نازل کراوراس نے تیرے جوگناہ کیے ہیں انکوڈھانپ لے تاکہ پھروہ تیری نافرمانی نہ کرے نیز اسکی

أَعِنْهُ عَلَی طاعَتِکَ وَ طاعَةِ أَوْلِیائِکَ حَتَّی لا تَفْقِدَهُ حَیْثُ أَمَرْتَهُ وَلا تَراهُ حَیْثُ نَهَیْتَهُ اَللّٰهُمَّ

مدد فرما کہ وہ تیری فرمانبرداری اور تیرے دوستوں کی پیروی کرے یہاں تک کہ تو اسے فرماں پذیری میں ناکام اور باز رہنے کے مقام پر موجود نہ پائے اے معبود

صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَ اعْفُ عَنْهُ وَعَنْ جَمِیعِ الْمُؤْمِنِینَ وَ الْمُؤْمِناتِ

محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اس شخص کو بخش دے اس پر رحم کر اسے معاف کردے اور تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو بھی معاف کردے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَأَعِذْهُ مِنْ هَوْلِ الْمُطَّلَعِ وَمِنْ فَزَعِ یَوْمِ الْقِیامَةِ وَسُوءِ

اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور پناہ دے مجھے نائب بنانے والے کو موت کی سختیوں روز قیامت کی پریشانیوں اور برے انجام سے نیز پناہ دے

الْمُنْقَلَبِ وَمِنْ ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَوَحْشَتِهِ وَمِنْ مَواقِفِ الْخِزْیِ فِی الدُّنْیا وَالْآخِرَةِ.اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی

اسے قبر کی تاریکی اور تنہائی سیاور پناہ دے اس کو دنیا اور آخرت کی خواری اور رسوائی سے اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور قرار دے

مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍوَ اجْعَلْ جایِزَتَهُ فِی مَوْقِفِی هذَا غُفْرانَکَ وَتُحْفَتَهُ فِی مَقامِی هذَا عِنْدَ

اس شخص کیلئے جزا اس پاک مقام پر اپنی طرف سے بخشش اور اس مقدس جگہ پر میرے اس امامؑ کے قرب میں ان پر خدا کی رحمت ہو اسے تحفہ دے

إِمامِی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ أَنْ تُقِیلَ عَثْرَتَهُ وَ تَقْبَلَ مَعْذِرَتَهُ وَتَتَجاوَزَ عَنْ خَطِیئَتِهِ وَ تَجْعَلَ التَّقْوَی

کہ تو اس کی خطائیں معاف فرمائے اس کا عذر قبول کرے اور اس کی غلطیوں سے درگذر کرے نیز یہ کہ تو پرہیزگاری اور اپنی طرف سے بھلائی کو

زادَهُ وَما عِنْدَکَ خَیْراً لَهُ فِی مَعادِهِ وَتَحْشُرَهُ فِی زُمْرَةِ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍصَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ

قیامت میں اس کا سامان بنائے اور اس کو محمدؐ وآل محمدؐ کے گروہ میں اٹھائے ان پر اور ان کی آل پر خدا رحمت کرے مزید یہ کہ تو اسے اور اس کے والدین

وَ تَغْفِرَ لَهُ وَلِوالِدَیْهِ فَإِنَّکَ خَیْرُ مَرْغُوبٍ إِلَیْهِ وَأَکْرَمُ مَسْؤُولٍ اعْتَمَدَ الْعِبادُ عَلَیْهِ.اَللّٰهُمَّ وَلِکُلِّ

کو بخش دے کیونکہ تو وہ بہتر ذات ہے لوگ جس کی طرف آتے ہیں تو سب سے زیادہ مہربان ہے بندے جس سے سوال کرتے اور جس پر بھروسہ رکھتے ہیں

مُوفِدٍ جائِزَةٌ وَ لِکُلِّ زائِرٍ کَرامَةٌ فَاجْعَلْ جائِزَتَهُ فِی مَوْقِفِی هذَا غُفْرانَکَ وَالْجَنَّةَ لَهُ وَلِجَمِیعِ

اور اے معبود ہر نیابت کرنے والے کیلئے اجر اور ہر زائر کیلئے انعام ہے پس اس کیلئے اسی پاک جگہ پر اپنی طرف سے گناہوں کی بخشش اور جنت لازم قرار دے اور تمام

الْمُؤْمِنِینَ وَالْمُؤْمِناتِ.اَللّٰهُمَّ وَأَنَا عَبْدُکَ الْخاطِیُٔ الْمُذْنِبُ الْمُقِرُّ بِذُنُوبِهِ فَأَسْأَلُکَ یَا اللهُ

مومنین ومومنات کو بھی اس میں شامل فرما اور اے معبود میں ہوں تیرا وہ خطاکار بندہ جو اپنے گناہگار ہونے کا اقرار کرتا ہے پس سوال کرتا ہوں تجھ سے اے خدا

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ أَنْ لا تَحْرِمَنِی بَعْدَ ذلِکَ الْأَجْرَ وَالثَّوابَ مِنْ فَضْلِ عَطائِکَ وَکَرَمِ

محمدؐ وآل محمدؐ کے واسطے سے یہ کہ مجھے اس زیارت کے بعد ملنے والے اجر وثواب سے محروم نہ رکھنا اپنی عطا میں اضافے اور اپنی عنایت میں

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

تَـفَضُّلِکَ. پھر ضریح مبارک کے نزدیک جائے اور اپنے ہاتھ|| سمان کی طرف بلند کرے اور قبلہ رخ ہو کر کہے: یَـا مَوْلایَ
زیادتی کے ساتھ اے میرے

یَـا إِمـامِي عَبْدُکَ فُلانُ ابْنُ فُلانٍ أَوْفَدَنِي زائِراً لِمَشْهَدِکَ یَتَقَرَّبُ إِلَی اللهِ عَزَّوَجَلَّ بِذَلِکَ
مولاّ اے میرے اماó|| پ کے غلام فلاں بن فلاں نے مجھے بھیجا ہے|| پ کے حرم کی زیارت کرنے کیلئے وہ اس زیارت کے ذریعے بزرگ و برتر اللہ کا اور اس

وَإِلَـی رَسُـولِـهِ وَإِلَیْکَ یَـرْجُـو بِـذلِکَ فَکاکَ رَقَبَتِهِ مِنَ النَّارِ مِنَ الْعُقُوبَةِ فَاغْفِرْ لَهُ وَلِجَمِیعِ
کے رسولؐ کا قرب چاہتا ہے اور اس کی بدولت امیدوار ہے کہ تو اسے جہنم کے عذاب سے|| زادی و خلاصی عطا کرے گا پس اسے بخش دے اور تمام مومن

الْـمُـؤْمِـنِیـنَ وَالْـمُـؤْمِـنـاتِ یَـا اللهُ یَا اللهُ یَا اللهُ یَا اللهُ یَا اللهُ یَا اللهُ یَااللهُ لاَ إِلهَ إِلَّا اللهُ الْحَلِیمُ
مردوں اور مومنہ عورتوں کو بخش دے اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں کہ جو نرمی کرنے والا اور

الْـکَـرِیمُ لاَ إِلهَ إِلَّا اللهُ الْعَلِيُّ الْعَظِیمُ أَسْأَلُکَ أَنْ تُصِلِّيَ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَتَسْتَجِیبَ
عطا فرمانے والا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کہ جو بلند تر اور بزرگ تر ہے سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و|| ل محمدؐ پر درود بھیجے اور اس شخص کے حق میں میری دعا قبول

لِـي فِیـهِ وَفِـي جَـمِیـعِ إِخْوانِي وَأَخَوَاتِي وَوَلَدِی وَأَهْلِي بِجُودِکَ وَ کَرَمِکَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ.
فرمائے نیز میرے تمام بھائیوں، بہنوں، میری اولاد اور میرے خاندان کے حق میں دعا قبول کر اپنی بخشش اور مہربانی سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com